0111E986

Candidate's Seat No :_________

M.A. Sem.-4 (Rep) Examination
509 - Urdu
Urdu Tahreekein

Time : 2-30 Hours] **November-2025** **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال:۱ جدیدیت کیا ہے؟ جدیدیت کی تحریک کے اسباب اور مقاصد پر اظہار خیال کیجئے۔ ۱۴

(یا)

ترقی پسند تحریک کے آغاز، اغراض اور مقاصد پر تفصیل سے لکھئے۔

سوال: ۲ ادبی تحریک کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اسکی ماہیت، معنویت کا احاطہ کیجئے۔ ۱۴

(یا)

ادبی تحریکات ورُجحانات کی اہمیت، افادیت اور نصب العین پر روشنی ڈالئے۔

سوال:۳ ''فورٹ ولیم کالج'' کی تحریک کے آغاز اور اس کے اغراض ومقاصد پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

(یا)

''علی گڑھ تحریک'' کے اغراض ومقاصد بیان کیجئے۔

سوال:۴ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) رومانی تحریک کے آغاز کے اسباب

(۲) تحریک اور رجحان میں فرق

(۳) تحریک انجمن پنجاب

(۴) سر سید احمد خان کی ''تعلیمی اور اصلاحی تحریک'' کے اغراض ومقاصد

سوال:۵ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) ''رجحان جس شعبے سے متعلق ہوتا ہے وہ اسی میں اثر دکھاتا ہے۔'' یہ کس نے کہا ہے؟

(۲) ''اسباب بغاوت ہند'' کے خالق کون ہیں؟

(۳) ''جدیدیت'' کے لئے مغرب کی کون سی تحریک کافی اہمیت رکھتی ہے

E986-2

(۴) 1920 کے قریب دیگر کون سی تحریک ''جدیدیت'' کے مترادف تھی؟

(۵) انجمن پنجاب کی شہرت کا سب سے بڑا سبب کیا تھا؟

(۶) ''جدیدیت انسان کو تنہائی یا مایوسی میں اس کی اعصاب زدگی کی داستان نہیں ہے۔ اس میں انسان کے عظمت کے ترانے بھی ہیں، اس میں فرد اور سماج کے رشتے کو بھی بیان کیا گیا ہے۔'' یہ کس نے کہا؟

(۷) محمد حسین آزاد اور خواجہ الطاف حسین حالی کے ذریعے کس شاعری کی بنیاد ڈالی گئی؟

(۸) ''انجمن پنجاب'' کا قیام کس کی کوششوں کا نتیجہ تھا؟

(۹) محمد حسین آزاد نے انجمن پنجاب کے اجلاس میں اپنی کون سی مشہور نظم پڑھی؟

(۱۰) کس جرمنی ادیب نے سب سے پہلے لفظ ''رومانیت'' کو متعارف کرایا؟

(۱۱) ہندوستان میں ''مجلسی تنقید'' کی اولین روایت کو کس انجمن نے فروغ دیا؟

(۱۲) سرسید ہندوستان میں کس یونیورسٹی کے جیسی یونیورسٹی بنانا چاہتے تھے؟

---پایان---